Date: .... "Islamic Study!" Day: ....

Assignment # 01

Submitted By:- Aliza Aziz NOA online batch # 01.

اسلام سے کیا مراد ہے؟ اسلام کی نمایاں خصوصیات بیان کریں؟

start with the summary of the answer as introduction...

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ جو زندگی کے ہر پہلو کے بارے میں راہنمائی عطا کرتا ہے۔ اسلام عالمگیر دین ہے جو تمام انسانیت کو انفرادی اور اجتماعی زندگی بسر کرنے کے اصول فراہم کرتا ہے۔ اسلام قومیت اور مذہب سے بالاتر ہے۔ اور تمام انسانیت کیلئے راہنمائی کا سامان مہیا کرتا ہے۔

اسلام کے لفظی معنی:-

اسلام تین لفظوں س، ل، م سے مل کر بنا ہے۔ جس کا مطلب ہے، "امن و سلامتی"۔

اصطلاحی معنی:-

"اللہ اور اُسکے رسول ﷺ کی اطاعت کرتے ہوئے امن میں داخل ہونا اسلام ہے" "اپنی خواہشات کو اللہ کی مرضی کے تابع کرنا اسلام ہے" یعنی سب سے پہلے اللہ پر ایمان پھر آپ ﷺ پر ایمان اور پھر اُن کے احکامات کی پیروی کرتے ہوئے زندگی گزارنا اسلام ہے۔

قرآن کی رو سے:-

اسلام عربی زبان کا لفظ ہے۔ اور اللہ نے قرآن میں لفظ "اسلام" استعمال کیا۔ اسلام کا پرانا نام "دینِ حنیف" ہے۔

New Moize FINE PAPER

Scanned with CamScanner

Date: "Islamic Study!" Day:

Assignment # 01

Submitted By:- Alisa Aziz NOA
online bath # 01.

اسلام سے کیا مراد ہے؟ اسلام کی نمایاں خصوصیات بیان کریں؟

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ جو زندگی کے ہر پہلو کے بارے میں راہنمائی عطا کرتا ہے۔ اسلام عالمگیر دین ہے جو تمام انسانیت کو انفرادی اور اجتماعی زندگی بسر کرنے کے اصول فراہم کرتا ہے۔ اسلام قومیت اور مذہب سے بالاتر ہے۔ اور تمام انسانیت کیلئے راہنمائی کا سامان مہیا کرتا ہے

اسلام کے لفظی معنی:-

اسلام تین لفظوں س، ل، م سے مل کر بنا ہے۔ جس کا مطلب ہے، "امن و سلامتی ہے"۔

اصطلاحی معنی:-

"اللہ اور اسکے رسول ﷺ کی اطاعت کرتے ہوئے امن میں داخل ہونا اسلام ہے" "اپنی خواہشات کو اللہ کی مرضی کے تابع کرنا اسلام ہے۔ یعنی سب سے پہلے اللہ پر ایمان، پھر آپ ﷺ پر ایمان اور پھر اُن کے احکامات کی پیروی کرتے ہوئے زندگی گزارنا اسلام ہے۔

قرآن کی رو سے:-

اسلام عربی زبان کا لفظ ہے۔ اور اللہ نے قرآن میں لفظ "اسلام" استعمال کیا۔ اسلام کا پرانا نام "دینِ حنیف" ہے۔

New Moize FINE PAPER

Scanned with CamScanner

Date: .... Day: ....

حضور اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) نے حدیث جبرائیل میں فرمایا
"اسلام دو چیزوں کے مجموعے کا نام ہے۔ پہلے
اللہ کی گواہی دینا پھر اُسکے رسول ﷺ کی گواہی
دینا"

discuss this part in a bit more detail/

★ اسلام کی نمایاں خصوصیات :-

(1) اسلام کا تصور وحدانیت ۔
(2) مرکزی حیثیت ۔
(3) عقیدہ ختم نبوت ۔
(4) اسلام مکمل ضابطہ ہے ۔
(5) تعصب سے پاک دین ۔
(6) عقل و فطرت پر مبنی دین ۔
(7) عالمگیر دین ۔
(8) عملی دین ۔
(9) عورتوں کے حقوق کا علمبردار ۔
(10) معراج انسانیت کا دین ۔
(11) اخلاق حسنہ کا جامع دین ۔
(12) اخوت و بھائی چارے کا دین ۔
(13) قومیت سے بالاتر دین ۔
(14) سماجی انصاف کا حامل دین ۔
(15) جرات و بہادری کا دین ۔

(i) اسلام کا تصور وحدانیت :-

اسلام کا اولین تصور، تصور وحدانیت ہے۔ یعنی اللہ کے ایک ہونے پر ایمان لانا۔ اور اللہ تعالیٰ کو کل کائنات کا خالق ماننا۔ اسلام میں داخل ہونے کیلئے کلمہ شہادت کا دل سے (زبانی) اقرار ضروری ہے۔ اور کلمہ کے پہلے حصے اللہ کے ایک ہونے کا ثبوت ہے۔

New Moizo FINE PAPER

Scanned with CamScanner

Date: .... Day: ....

"سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم"

ترجمہ:- "اللہ تعالیٰ پاک ہے اور تعریف اُسی کی ہے، اللہ تعالیٰ پاک ہے عظمت والا ہے۔"

سورۃ اخلاص میں ارشاد ہے! کہہ دو کہ اللہ

"ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اُسکی کوئی اولاد ہے نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔ اور نہ کوئی اُس کا ہمسر ہے۔"

توحید اسلام کا مرکزی عقیدہ ہے۔

علامہ شبلی نعمانی اپنی کتاب سیرت النبیؐ میں بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرمؐ نے فرمایا!

one reference is enough for a single argument.

"توحید اسلام کا پہلا سبق ہے۔"

ایک اور حدیث میں حضور اکرمؐ نے فرمایا!

"اسلام ایک قلعے کی مانند ہے، اور اسکا دروازہ توحید ہے۔"

مرکزی حیثیت:

use specific and self explanatory headings.

زندگی کے ہر پہلو میں اسلام کو مرکزی حیثیت حاصل رہی ہے۔ انفرادی زندگی سے لے کر اجتماعی زندگی تک اسلام زندگی کے ہر پہلو پر روشنی ڈالتا ہے۔ انسانی زندگی میں اسلام کی حیثیت ریڑھ کی ہڈی سے بھی بڑھ کر ہے۔ کیونکہ یہ انسان کو پیدائش سے لے کر موت تک ہر قسم کی ہدایت و راہنمائی فراہم کرتا ہے۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے، جس کا مفہوم یوں ہے:

"میں نے تمہارے لئے اسلام بطور دین پسند کیا۔"

New Moize

Date: .... Day: ....

قرآن کریم میں ایک اور جگہ ارشاد باری تعالیٰ ہے
"بیشک دین اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے"
یوں اسلام کو بطور دین ایک مرکزی اور
امتیازی حیثیت حاصل ہے۔

(3) عقیدہ ختم نبوت :-

ختم نبوت سے مراد ہے کہ
حضور نبی اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ تعالیٰ کے آخری
نبی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بھیج کر بعثت
انبیاء کا سلسلہ ختم فرما دیا ہے۔ اب آپ ؐ کے
بعد کوئی نبی مبعوث نہیں ہوگا۔

* ارشادِ خداوندی ہے!
"محمد ؐ تمہارے مردوں میں سے
کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن وہ اللہ کے رسول
ہیں۔ اور سلسلہ نبوت ختم کرنے والے ہیں۔ اور
اللہ ہر چیز کا خوب علم رکھنے والا ہے۔"
اس آیت کریمہ سے یہ واضح ہوا کہ اب قیامت
تک کسی کو نہ منصب نبوت پر فائز کیا جائے
گا اور نہ ہی منصب رسالت پر۔

** حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ حضور اکرم ؐ
نے ارشاد فرمایا!
"اب نبوت اور رسالت کا
انقطاع عمل میں آ چکا ہے لہذا میرے بعد نہ کوئی نبی
آئے گا اور نہ ہی رسول۔"

Date: .... Day: ....

اسلام بطور مکمل ضابطہ حیات:-

اسلام انسان کی زندگی میں مکمل ضابطہ حیات فراہم کرتا ہے۔ چاہے وہ دینی زندگی ہو یا دنیاوی۔ انسان کے پیدا ہونے سے لے کر اس کی تعلیم و تربیت، زندگی گزارنے کے اصول، سیاسی، معاشی اور معاشرتی زندگی کے بارے میں اسلام مکمل راہنمائی فراہم کرتا ہے

"عرب کے اس صحرا میں آئی ایسی خوشحالی
برکی ہو گئی سب کے شہنشاہ خدا کی"

قرآن کریم میں ارشاد ہے۔

"تمہارے لئے نبی کریمؐ کی زندگی میں عملی نمونہ ہے"

تعصب سے پاک دین:-

بے شک اسلام تعصب سے پاک دین ہے۔ اسلام رنگ، نسل، ذات پات، گورے کالے جیسے تفرقات سے پاک ہے اور ہر قسم کے انسانوں کیلئے ہدایت و راہنمائی فراہم کرتا ہے

اسلام میں فرقہ پرستی کا کوئی تصور نہیں ہے

ارشادِ باری تعالیٰ

"اور تم سب اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو اور تفرقہ مت ڈالو۔"

(۱) الانعام، ۹۵:۶

آل عمران، ۳:۱۰۳

Date: .... Day: ....

حضور اکرمؐ نے فرقہ پرستی کی مذمت کرتے ہوئے فرمایا

"اجتماعی وحدت کو اللہ کی تائید حاصل ہوتی ہے، جو کوئی جماعت سے جدا ہوگا وہ دوزخ میں جائے گا"

(6) عقل و فطرت پر مبنی دین:-

اسلام عقل و فطرت پر مبنی دین ہے۔ انسانی عقل کا تقاضا ہے کہ وہ غور و فکر کرے کہ کون ہے جو اس دنیا کا نظام چلا رہا ہے۔ بے شک وہ اللہ کی ذات ہے اور اسی کا پیدا کردہ نظام ہے۔ اسلام ایک ایسا دین ہے جو سوچنے سمجھنے کی صلاحیت پیدا کرتا ہے

بقول شاعر:-

"خلق میں آکر ادھر ادھر دیکھا
تو ہی نظر آیا جدھر دیکھا"

دنیا کے تمام مذاہب کے لوگ عقل سے بالاتر ہو کر چاند، سورج اور ستاروں کی پرستش کرتے تھے۔ حالانکہ انسانی عقل کا تقاضا ہے کہ وہ سوچے سمجھے کہ یہاں کوئی ذات ہے جو یہ نظام چلا رہی ہے

سورۃ یٰسین میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"اور نہ سورج کی مجال کہ وہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات دن سے پہلے آسکتی ہے اور ہر دن رات سے پہلے۔ سب اپنے اپنے دائرے میں ایک مقررہ وقت میں گردش کر رہے ہیں اور اس میں عقل والوں کیلئے نشانیاں ہیں۔"

(7) عالمگیر دین:-

اسلام ایک عالمگیر دین ہے جو کسی مخصوص قوم، علاقہ یا ماحول تک محدود نہیں بلکہ یہ ایک مطلق انسانی حقیقت ہے۔ جو ہر زمان و مکان کیلئے سازگار ہے۔

use marker for references....

Scanned with CamScanner

اسلام تمام عالم کیلئے ہدایت کا سرچشمہ ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے!

"اے نبیؐ کہہ دیجئے میں تمہاری طرف اللہ کا رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں"

آپؐ نے خود بھی فرمایا!

"اللہ تعالیٰ نے مجھے تمام جہانوں کی ہدایت اور رحمت کیلئے بھیجا ہے"

عورتوں کے حقوق کا علمبردار:-

اسلام کی آمد سے پہلے عرب اپنی بیٹیوں کو زندہ درگور کر دیتے تھے۔ اور پھر بہت عرصے بعد تک بھی ہندو عورتوں کو ستی کی رسم میں زندہ جلا دیتے تھے۔ لیکن اسلام نے عورت کو خاص مقام دیا۔ ماں کے پیروں میں جنت، بیٹی ہے تو رحمت، بیوی ہے تو آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ غرض عورتوں کو اسلام نے عزت و مقام اور [illegible] دیا۔

قرآن میں ارشاد فرمایا گیا!

"اور عورتوں کے معاملے میں اللہ سے ڈرو"

ایک اور جگہ پر ارشاد ہے

"جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہے"

ارشادِ نبوی ہے!

"جس نے اپنی تین بیٹیوں کی اچھی پرورش کی۔ وہ اور میں جنت میں ساتھ ساتھ ہوں گے"

اسطرح سورۃ النساء میں فرمایا

"اور عورتوں کے ساتھ دستور کے مطابق گزران کرو"

(9) معراجِ انسانیت کا دین:-

بے شک اسلام نے انسان کو انسان بننا سکھایا ہے۔ الغرض زندگی کے ہر پہلو پر روشنی ڈال کر انسان کو غلط اور صحیح کا فرق سمجھایا ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے؟

"اور نیکی کا حکم دو اور برائی سے منع کرو" (القرآن)

حضور اکرمؐ کا ارشاد ہے جس کا مفہوم یہ ہے۔

"جو تم میں سے کوئی برائی دیکھے تو اسے چاہیے کہ اسے ہاتھ سے منع کرے اگر اس کی طاقت نہ ہو تو زبان سے روکے۔ اگر اس کی استطاعت نہ ہو تو کم از کم دل میں ضرور بُرا سمجھے۔ اور یہ کمزور ترین ایمان کی علامت ہے"

(10) اخلاقِ حسنہ کا جامع دین:-

اخلاقِ حسنہ سے مراد اچھے اخلاق ہیں۔ اسلام ہمیں چھوٹے بڑے، امیر غریب سب کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آنے کا درس دیتا ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے!

"تمہارے رب کا حکم ہے کہ تم اسکی عبادت کرو۔ اور والدین سے حُسنِ سلوک کرو"

حدیثِ نبوی ہے!

"بڑوں کا ادب اور چھوٹوں سے شفقت کرو"

(11) اخوت و بھائی چارے کا دین:-

اسلام امن و محبت کا درس دیتا ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے!

"بے شک مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے"

فتح مکہ کے موقع پر حضور اکرمؐ نے

Date: .... Day: ....

مہاجر و انصار کے درمیان جو بھائی چارے کا درس دیا، اور پھر اسکی عملی مثال دیکھی۔ اسکی رہتی دنیا تک مثال نہیں ملتی۔

سماجی انصاف کا حامل دین:

اسلام انصاف کی فراہمی پر بھرپور زور دیتا ہے حضور اکرم کی پوری زندگی خدمتِ خلق کا بہترین نمونہ ہے

خطبہ حجۃ الوداع میں حضور اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) میں انسانی مساوات کا چارٹر ہے فرمایا!

"لوگو! بے شک تمہارا رب ایک ہے تمہارا باپ ایک ہے۔ عربی کو عجمی پر عجمی کو عربی پر کوئی فضیلت نہیں۔ برتری صرف تقوٰی کی بناء پر ہے۔"

(القرآن)

جرأت و بہادری کا دین:

اسلام جرأت و بہادری کا دین ہے۔ اسلام میں حضرت عمرؓ کی بہادری کے قصے موجودہ نسلِ انسانی کیلئے مشعلِ راہ ہیں۔ حضرت علیؓ کو شیرِ خدا "کہا جاتا ہے"۔ حضرت علیؓ وہ ہستی تھی کہ جن سے خیبر بھی کانپ جاتا تھا۔ بہادری سے دشمن کا مقابلہ کرتے ہوئے مر جانے والے کو اسلام میں شہادت کا رتبہ عطا کیا جاتا ہے

قرآن میں ارشاد ہے!

"شہید کو مردہ مت کہو بے شک وہ زندہ ہے اور اپنے پروردگار سے رزق پا رہا ہے"

ماضی میں مسلمانوں کی بہادریوں کے قصے موجودہ نسلِ انسانی کے دماغ میں نقش ہیں

مسلمانوں کو: ٹل نہ سکتے تھے کہ جنگ میں اڑ جاتے تھے

پاؤں شیروں کے بھی میداں سے اکھڑ جاتے تھے

09

improve the headings quality, references and the paper presentation part.

end the answer with conclusion.

Moize FINE PAPER

Scanned with CamScanner